صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا تَسلِیماً

# زادُ السّعید

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا


اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ

مع فضائل و خواص درود شریف

از

حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی

نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور



اقرا اشرفیہ کمپنی

40 اردو بازار لاہور

موبائل: 0333-4125300, 0300-4420434



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## التماس برائے ایصالِ ثواب

قارئین سے التماس ہے کہ اس خوبصورت مستند گلدستہ درود پاک ''زادالسعید'' کی تلاوت کرنیکے بعد ہمارے

والدمحترم جناب **شاہ ولی صاحب** مرحوم

اور والدہ محترمہ **فضل نور** صاحبہ مرحومہ

کیلئے ایصال ثواب اور بخشش کی دعا فرما دیں۔ شکریہ

——— طالب دعا ———

**محمد اکرم، عبدالخالق**

اور پسماندگان مرحوم شاہ ولی صاحب

تاریخ اشاعت چہارم فروری 2011 تعداد 5000

صلوا علیہ وسلموا تسلیما

# زاد السعید

فی الصلوٰۃ علی النبی الوحید

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

باہتمام

حافظ فضل الرحیم مدظلہ العالی

۰۳۳۳-۴۲۱۰۹۸۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

قارئین کرام یہ خوبصورت گلدستہ "زَادُ السَّعِیْد" صلوٰۃ وسلام پر مشتمل ہے جس کے بارے میں خود حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: جس کا مفہوم یہ ہے کہ "جو صیغے صلوٰۃ وسلام کے احادیث میں آئے ہیں ان میں سے ۴۰ صیغے پیش کئے جاتے ہیں، جن میں پچیس (۲۵) صلوٰۃ کے اور پندرہ (۱۵) سلام کے ہیں۔ گویا یہ مجموعہ درود شریف کی چہل حدیث ہے جس کے بارے میں بشارت آئی ہے جو شخص امر دین کے متعلق چالیس حدیثیں میری اُمت کو پہنچا دے اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن علماء کی جماعت میں اٹھائیں گے اور میں اُس کا شفیع ہوں گا"۔

احقر نے مزید نفع اور برکت کے لئے ہر صفحہ پر درود پاک کی فضیلت کی احادیث لکھ دی ہیں جن کی تعداد بھی چالیس ہے۔ اس کتاب کو پڑھنے والا دو مرتبہ چہل حدیث والی بشارت کو حاصل کرنے والا ہوگا اللہ تعالیٰ ہمیں قدر کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین!
آخر میں قارئین کرام سے التماس ہے کہ وہ اپنی دعاؤں میں ہمیں یاد رکھیں۔

محتاجِ دعا حافظ فضل الرحیم عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# صِیغہ قرآنی

۱ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (سُورۂ نمل)

سلام نازل ہو اللہ کے برگزیدہ بندوں پر۔

۲ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ (سُورۂ صافات کے ختم پر)

سلام ہو رسولوں پر۔

## چہل حدیث مشتمل بر صلوٰۃ وسلام

### صِیغ صلوٰۃ

۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ

اے اللہ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود نازل فرما

الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ (طبرانی)

اور آپ کو ایسے ٹھکانے پر پہنچا جو تیرے نزدیک مقرّب ہو

فضائل و خواص درود شریف ۱ ارشاد فرمایا حضورِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''جو اس درود شریف کو پڑھے، میری شفاعت اس پر واجب اور ضروری ہے''

۲ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْقَآئِمَةِ وَالصَّلٰوةِ

اے اللہ (قیامت تک) قائم رہنے والی اس پکار اور نافع نماز

النَّافِعَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنِّيْ رِضًا لَّا

کے مالک درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر اور مجھ سے اس طرح راضی

تَسْخَطُ بَعْدَهٗ اَبَدًا ❊ (مسند احمد)

ہو جا کہ اس کے بعد کبھی ناراض نہ ہو۔

۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَ

اے اللہ درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور

صَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

درود نازل فرما سارے مومنین اور مومنات اور مسلمین

وَالْمُسْلِمَاتِ ❊ (ابن حبان)

و مسلمات پر

۲ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو شخص مؤذن کی آذان کے وقت یہ درود شریف پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول فرمائیں گے" ۳ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جس شخص کے پاس خیرات کرنے کو کوئی مال نہ ہو وہ اپنی دعا میں یہ درود شریف پڑھے، تو اس کیلئے باعث تزکیہ ہوگا"

۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اے اللہ دُرود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اور برکت

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُّحَمَّدًا

نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ

وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ عَلٰٓى

علیہ وسلّم اور آلِ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تونے دُرود و برکت و رحمت

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (بیہقی)

سیّدنا ابراہیم؈ پر نازل فرمایا، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۵ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جس طرح تونے دُرود

عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ

نازل فرمایا آلِ سیدنا ابراہیم؈ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما

۴ آنخضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''قیامت کے دن ہر موقع پر مجھ سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو کثرت سے درود شریف پڑھنے والا ہوگا'' ۵ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''درود شریف کی کثرت دنیا و آخرت کے سارے فکروں کی نجات کا ذریعہ بنے گی''

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اٰلِ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تونے

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✻ (بخاری شریف)

ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے ۔

٦ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

صَلَّيْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ،

تونے درود نازل فرمایا آلِ سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تونے برکت نازل فرمائی

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✻ (مسلم شریف)

سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے ۔

٦ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو ایک دفعہ درود شریف پڑھے گا اللہ اس پر دس دفعہ رحمت نازل فرمائیں گے"۔ تشریح: گویا کہ درود شریف کے پڑھنے والے پر رحمت کا معاملہ ہوگا، جس کا نتیجہ حسن خاتمہ کی شکل میں نصیب ہوگا۔



٧ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ،

تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (ابن ماجہ)

تو نے سیدنا ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

٨ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے درود نازل

عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

فرمایا سیدنا ابراہیمؑ اور آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات



٧ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ''جمعہ کے روز جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ پر پیش کیا جاتا ہے'' ٨ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ''درود شریف کی برکت سے انسان جبرائیل علیہ السلام کی بد دعا سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ (سبحان اللہ! کتنا بڑا انعام ہے)

مَّجِيْدٌ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

بزرگ ہے اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✽ (نسائی)

تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیمؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

٩ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے درود نازل

عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

فرمایا سیدنا ابراہیمؑ پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✽ (ابوداؤد)

جس طرح تو نے سیدنا ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

١٠ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

٩ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "درود شریف کی کثرت گناہوں کی بخشش کا ذریعہ بنتی ہے"

١٠ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "درود شریف کی کثرت سے اللہ جل شانہ بندے کے کاموں کا محافظ بن جاتا ہے"۔ تشریح: ان شاء اللہ درود شریف کی برکت سے ہر کام میں خیر نصیب ہوگی

صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ

تونے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے، اے اللہ

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى

برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تونے

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (ابوداؤد)

سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

11 اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

تونے آلِ سیدنا ابراہیمؑ پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ فِي

آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل

11 ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "سب سے زیادہ قیامت کے روز میرے ساتھ اس کو قرب ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوگا"۔ تشریح: ان شاء اللہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ درود شریف ذریعہ بنے گا قیامت کے روز حوض کوثر سے پانی پینے کا۔

الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ﴿ (مسلم شریف)

فرمائی سارے جہانوں میں، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۲ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور ذریات رضی اللہ عنہم پر جس طرح

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

تو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

آپ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور ذریات رضی اللہ عنہم پر جس طرح تو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر برکت نازل فرمائی،

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ﴿ (ابوداؤد شریف)

بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۳ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور ذریات رضی اللہ عنہم پر

۱۲ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے ''حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا یہ کلمات (درود شریف نمبر ۱۲) اسی طرح رب العالمین کے پاس سے نازل ہوئے ہیں'' ۱۳ ارشاد فرمایا مدنی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''درود پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ ستر رحمتیں نازل فرماتے ہیں

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

جس طرح تونے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ

اور آپ کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن اور آپ کی ذرّیات رضی اللہ عنہم پر جیسا کہ تو نے آل

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✻ (مسلم شریف)

ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖٓ اُمَّهَاتِ

اے اللہ درود نازل فرما نبی اکرم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن پر

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى

جو سارے مسلمانوں کی مائیں ہیں اور آپ کی ذریات رضی اللہ عنہم اور آپ کے اہلِ بیت پر جیسا تو نے سیدنا

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ✻ (ابوداؤد شریف)

ابراہیم علیہ السلام پر درود نازل فرمایا، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

اور ملائکہ اس کیلئے ستر بار دُعا کرتے ہیں" ۱۴ ارشاد فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے "جس شخص کو یہ پسند ہو کہ ہمارے گھرانے والوں پر درود شریف پڑھتے وقت ثواب کا پورا پیمانہ لے تو یہ درود شریف پڑھے"۔ تشریح: سبحان اللہ! درود شریف کی برکت سے کس قدر اعمال میں وزن پیدا ہوگا



۱۵ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ

تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ اور آل سیدنا ابراہیمؑ پر اور برکت نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی

اِبْرَاھِیْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

حضرت ابراہیمؑ پر اور رحمت بھیج سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

جس طرح تو نے رحمت بھیجی سیدنا ابراہیمؑ اور سیدنا ابراہیمؑ

اِبْرَاھِیْمَ ۞ (طبری)

کی اولاد پر۔

۱۵ ارشاد فرمایا محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''جو شخص یہ درود شریف پڑھے قیامت کے دن میں اس کیلئے گواہی دوں گا اور شفاعت کروں گا''۔ (اے اللہ تمام قارئین کرام کو اور اس کتاب کی طباعت میں معاونت کرنے والوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب فرما)

۱۶ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود نازل فرما جس طرح

صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

تو نے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا، بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

ستودہ صفات بزرگ ہے ، اے اللہ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

برکت نازل فرما جس طرح تو نے سیدنا ابراہیمؑ اور سیّدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ تَرَحَّمْ عَلٰی

برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے، اے اللہ تو رحمت بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی

سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر جس طرح تو نے

۱۶ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ''مجھ پر درود بھیجنا پل صراط پر گزرنے کے وقت نور ہے اور جو شخص جمعہ کے دن اسی (۸۰) دفعہ مجھ پر درود شریف پڑھے اس کے اسی (۸۰) سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں''۔ (نوٹ: یہ درود پاک کتاب کے صفحہ نمبر ۳۳ پر ملاحظہ فرمائیں)

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ،

حضرت سیدنا ابراہیمؑ اور سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر رحمت بھیجی، بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

اَللّٰهُمَّ تَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر محبت آمیز شفقت فرما جس طرح

تَحَنَّنْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

تو نے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر محبت آمیز شفقت فرمائی، بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ، اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ستودہ صفات بزرگ ہے ۔ اے اللہ سلام بھیج سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى

سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (سعایہ)

اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر سلام بھیجا، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

حدیث شریف میں ہے ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس مجلس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ ہو قیامت کے روز وہ مجلس اُن لوگوں کے حق میں باعثِ حسرت ہوگی۔

(اے اللہ! اس حسرت سے ہم سب کو محفوظ فرما اور ہمیں درود شریف کی قدر نصیب فرما)



۱۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور برکت و

وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ

سلام بھیج سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر اور رحمت فرما

مُّحَمَّدًا وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر جیسا تو نے درود و برکت

وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

و رحمت نازل فرمائی سیدنا ابراہیم ؑ اور آل سیدنا ابراہیم ؑ پر

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (سعایہ)

سارے جہانوں میں، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر درود نازل فرما جس طرح

۱۷ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو شخص ہر روز سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت میں پوری کی جائیں گی"

۱۸ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "میرا جو اُمتی خلوص دل کے ساتھ مجھ پر درود

صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

تونے حضرت ابراہیمؑ اور ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا، بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر برکت نازل فرما جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ اور ابراہیمؑ کی اولاد پر

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (صحاح ستہ)

برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

١٩ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا

اے اللہ اپنے بندے اور رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نازل فرما جیسا کہ

صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

تونے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

شریف پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجے گا۔ اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا، اس کے دس درجات بلند ہوں گے اور دس برائیاں مٹادی جائیں گی'' ١٩ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''جو شخص مجھ پر درود کی کثرت کرے گا وہ عرش کے سایہ میں ہوگا''



وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ۞ (نسائی)

آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی

٢٠ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ

اے اللہ درود نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى

اولاد پر درود نازل فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما

مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

نبی اُمّی سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی،

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (نسائی)

بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

٢١ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ

اے اللہ اپنے (برگزیدہ) بندے اور اپنے رسول نبی

٢٠ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے "جو شخص مجھ پر درود پڑھے اور وہ قبول ہو جاوے تو اسّی سال کے گناہ اس کے محو ہو جاتے ہیں" ٢١ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے "جو شخص سات جمعے تک ہر جمعہ کو سات بار اس درود شریف کو پڑھے، اس کیلئے میری شفاعت واجب ہو گی"

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اُمّی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر درود نازل فرما۔ اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلَهٗ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر ایسا درود نازل فرما جو تیری رضا کا ذریعہ ہو اور

جَزَآءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے لیے پورا بدلہ ہو اور آپ کے حق کی ادائیگی ہو اور آپ کو وسیلہ اور فضیلت اور

وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا

مقام محمود جس کا تو نے وعدہ کیا ہے عطا فرما، اور

مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ

حضورؐ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جو آپ کے شان عالی کے لائق ہو اور آپکو ان سب سے افضل بدلہ عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو

قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ

اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام

ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مجھ پر میری قبر کے پاس درود پڑھتا ہے اُس کو میں خود سنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلے پر درود پڑھتا ہے وہ مجھ کو پہنچا دیا جاتا ہے یعنی بذریعہ ملائکہ کے۔

(خداوندکریم ہم سب کو صحت و قبولیت اور ادب کے ساتھ بار بار روضۂ رسول ﷺ پر حاضری نصیب فرمائے)

اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصّٰلِحِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ (بخاری)

برادران انبیاء و صالحین پر اے ارحم الراحمین درود نازل فرما۔

۲۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ﹰ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ درود نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم اور

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر جیسا تو نے درود نازل فرمایا حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر

وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ ﹰ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور برکت نازل فرما نبی اُمّی سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اولاد پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

جیسا تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ اور حضرت ابراہیم کی اولاد پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (مسند احمد، بیہقی)

بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۲۲ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''جو مسلمان مجھ پر درود بھیجتا ہے، فرشتہ اس درود کو لے لیکر مجھ تک پہنچاتا ہے''۔ تشریح: کس قدر خوش نصیب ہیں وہ حضرات جن کے درود پاک کو ملائکہ اُن کے نام لیکر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچاتے ہیں۔

۲۲ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کے گھر والوں پر جیسا

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ،

تونے حضرت ابراہیمؑ پر درود نازل فرمایا ، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے اُوپر ان کے ساتھ درود نازل فرما اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر

وَّعَلٰٓی اٰھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ

اور آپ کے گھر والوں پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابرہیمؑ پر، بے شک تو

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ صَلَوَاتُ

ستودہ صفات بزرگ ہے، اے اللہ ہمارے اُوپر ان کے ساتھ برکت نازل فرما اللہ تعالیٰ کے بکثرت درود

اللّٰہِ وَصَلَوَاتُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ٭ (دارقطنی)

اور مؤمنین کے بکثرت درود نبی اُمّی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں

۲۳ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ”کہ کثرت کرو مجھ پر درود بھیجنے کی، یقیناً وہ پاکیزگی ہے واسطے تمہارے، یعنی بسبب درود کے گناہوں سے پاکی اور ہر طرح کی ظاہری و باطنی، جانی و مالی پاکیزگی حاصل ہوتی ہے“۔ (سبحان اللہ! کس قدر فضیلت والے ہیں درود شریف پڑھنے والے حضرات)

۲۴ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى

اے اللہ اپنے درود اور اپنی رحمت اور اپنی برکتیں

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰۤى اٰلِ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر نازل فرما جیسا تو نے حضرت

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، وَبَارِكْ عَلٰى

ابراہیمؑ کی اولاد پر فرمایا، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے اور برکت فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر جیسا تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ

وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (مسند احمد)

اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۲۵ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ (نسائی شریف)

اور اللہ تعالےٰ درود شریف نازل فرمائیں نبی اُمّی پر۔

۲۴ آپ ﷺ کا ارشاد ہے "جب کوئی مجھ پر سلام بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ میری روح لوٹا دیتے ہیں میں اُس کے سلام کا جواب دیتا ہوں"

۲۵ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے "جو مومن شب جمعہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ۳۵ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اسکے بعد ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اگلا جمعہ نہیں آئے گا کہ اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی"

# صِیَغُ السَّلَامِ

۲۶ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

ساری عباداتِ قولیہ اور عباداتِ بدنیہ اور عباداتِ مالیہ اللہ تعالٰی کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر

اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ

اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں آپ پر نازل ہوں، سلام ہو ہم پر اور

عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ (بخاری شریف)

اور شہادت دیتا ہوں کہ بے شک سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

۲۷ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوٰاتُ لِلّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

ساری عباداتِ قولیہ، عباداتِ مالیہ، عباداتِ بدنیہ اللہ کے لیے ہیں۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم آپ پر سلام

۲۶ اللہ تعالٰی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کیا تم چاہتے ہو کہ قیامت کے روز تم کو پیاس نہ لگے عرض کیا ہاں! ارشاد ہوا کہ محمد ﷺ پر درود کی کثرت کیا کرو" ۲۷ ارشاد فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "اللہ تعالٰی کے مقرر کئے ہوئے بہت سے فرشتے اسی کام کیلئے ہیں کہ سیاحی کرتے رہتے ہیں اور جو شخص

اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ

اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں نازل ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور

عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے

وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۞ (نسائی شریف)

اور گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

۲۸ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

تمام عباداتِ قولیہ، مالیہ، بدنیہ اللہ ہی کے لیے ہیں اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلام اور

اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ

اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں نازل ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور

عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا

اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں،

میری اُمت میں سلام بھیجتا ہے اس کو میرے پاس پہنچاتے ہیں" ۲۸ آپ ﷺ نے فرمایا "میں جبرئیل سے ملا، انہوں نے مجھ کو خوشخبری سُنائی کہ پروردگار عالم فرماتے ہیں کہ جو شخص آپ پر درود بھیجے گا میں اُس پر رحمت بھیجوں گا اور جو شخص آپ پر سلام پڑھے گا میں اس پر سلامتی نازل کروں گا' میں نے یہ سُن کر سجدۂ شکر ادا کیا"

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور شہادت دیتا ہوں کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ✱ (نسائی شریف)

اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

۲۹ اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ

ساری بابرکت عباداتِ قولیہ، عباداتِ بدنیہ، عباداتِ مالیہ اللہ کے لیے ہیں۔

سَلَامٌ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں

سَلَامٌ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ

سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے

۲۹ ارشاد فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے "جو شخص صبح کے وقت مجھ پر دس (۱۰) بار درود بھیجے اور پھر شام کے وقت بھی دس (۱۰) بار درود بھیجے، قیامت کے روز اس کیلئے میری شفاعت ہوگی"۔

تشریح: سبحان اللہ! اس حدیث پاک میں بشارت ہے حسن خاتمہ کی۔

وَرَسُوْلُهٗ ۞ (نسائی شریف)

اوراس کے رسول ہیں۔

٣٠ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ کی توفیق سے شروع کرتا ہوں، ساری عبادات قولیہ عبادات بدنیہ اور

الطَّيِّبَاتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

عباداتِ مالیہ اللہ کے لیے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

اوراس کی برکتیں ہوں ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر (بھی) سلام ہو۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

میں شہادت دیتا ہوں کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ اللہ تعالےٰ سے میں جنت کی درخواست کرتا ہوں اور جہنم سے

٣٠ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص درود بھیجے مجھ پر کسی کتاب میں تو ہمیشہ فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے، جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا" تشریح: قارئین کرام آنحضرت ﷺ کا نام مبارک خود لکھیں یا طبع کروائیں اس کے ساتھ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ضرور لکھا کریں، بڑی برکت ہوگی۔

مِنَ النَّارِ ✿ (نسائی شریف)

اللہ کی پناہ چاہتا ہوں

٣١ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ

پاکیزہ عباداتِ قولیہ، عباداتِ مالیہ، عباداتِ بدنیہ اللہ کے لیے ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو آپ پر اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں،

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ

ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی، سلام ہو۔ میں شہادت دیتا ہوں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ

کہ بیشک اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ بیشک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور

رَسُوْلُهٗ ✿ (موطا)

اُس کے رسول ہیں۔

٣١ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "جو آدمی مجھ پر درود بھیجتا ہے فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں یعنی اس کیلئے دُعائے رحمت کرتے ہیں جب تک وہ مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے، اب اختیار ہے خواہ کم درود بھیجو مجھ پر یا زیادہ۔ (مقصود یہ ہے کہ درود بکثرت پڑھنا چاہئے، بہت بڑی دولت ہے)

۳۲ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ کی ہی توفیق سے جو سارے ناموں میں سب سے بہتر نام ہے ساری عبادات قولیہ عبادات مالیہ

الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

عبادات بدنیہ اللہ کے لیے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے

شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ،

اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بلاشک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ اَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ

آپ کو حق کے ساتھ فرمانبرداروں کے لیے خوشخبری دینے والا نافرمانوں کے لیے ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور اس بات کی گواہی دیتا

لَّا رَيْبَ فِيْهَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

ہوں کہ قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ،

اس کی برکتیں ہوں، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

۳۲ ارشاد فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھے، نہ مرے گا جب تک کہ اپنی جگہ جنت میں نہ دیکھ لے''۔ تشریح: اللہ اکبر! شاید اتنی بڑی فضیلت کسی اور عمل پر نہیں مل سکتی لہٰذا کثرت سے درود شریف پڑھنے کی عادت بنائیں، اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَاھْدِنِیْ ✻ (معجم طبرانی)

اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھ کو ہدایت دے۔

۳۳ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ وَالصَّلَوٰتُ وَالْمُلْكُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ

ساری عباداتِ قولیہ، عباداتِ مالیہ اور عباداتِ بدنیہ اور ملک اللہ کے لیے ہے۔ سلام ہو

عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ✻ (ابوداؤد)

آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

۳۴ بِسْمِ اللّٰهِ التَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ الزَّاكِیَاتُ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں ساری عباداتِ قولیہ اللہ کے لیے ہیں ساری عباداتِ بدنیہ اللہ کے لیے ہیں ساری پاکیزہ عبادات

لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ

اللہ کے لیے ہیں۔ سلام ہو نبی پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو

عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ شَهِدْتُّ اَنْ لَّآ

ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں نے اس بات کی گواہی دی کہ بلاشک

۳۳ ارشاد فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے "قیامت کے ہول اور خطرات سے وہ شخص زیادہ نجات پاوے گا جو دنیا میں مجھ پر درود زیادہ بھیجتا ہوگا" ۳۴ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "جو شخص مجھ پر درود شریف نہیں پڑھتا وہ بڑا بخیل ہے" (درود پاک کا پڑھنا دنیا و آخرت کے ہولناک مناظر سے نجات کا ذریعہ ہے)

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ شَهِدْتُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ✽ (موطا)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں نے گواہی دی کہ بلاشک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

٣٥ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ

ساری عبادات قولیہ، عبادات مالیہ، عبادات بدنیہ (اور) ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیے ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ

میں شہادت دیتا ہوں کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بے شک

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور

النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى

اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ✽ (موطا)

اللہ کے نیک بندوں پر۔



٣٥ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ دُعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اُوپر نہیں جاتی جب تک کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود نہ پڑھو"۔ تشریح: قارئین کرام! یہ عادت بنائیں کہ ہماری کوئی بھی دعا درود پاک سے خالی نہ ہو، ہر دعا کے اول وآخر درود شریف ضرور پڑھا جائے۔

٣٦ اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ اَشْهَدُ

ساری عباداتِ قولیہ مالیہ اور عباداتِ بدنیہ اور ساری پاکیزگیاں اللہ کے لیے ہیں میں شہادت دیتا ہوں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللّٰهِ وَ

کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور

رَسُوْلُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اُس کے رسول ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ۞ (موطا)

سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

٣٧ اَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

تمام عباداتِ قولیہ، بدنیہ، مالیہ اللہ کے لیے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ

اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور

٣٦ حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہٗ فرماتے ہیں کہ تمام دُعائیں رُکی رہتی ہیں جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود نہ پڑھو ٣٧ حضرت ابن عباسؓ کے پاس ایک شخص بیٹھا تھا۔ اسکا پاؤں سو گیا۔ آپ نے فرمایا، جو شخص تجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہو اُس کا نام لے۔ اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہا اُسی وقت سُن اتر گئی۔

اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ✱ (طحاوی شریف)

اللہ کے نیک بندوں پر۔

۳۸ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

تمام عباداتِ قولیہ، بدنیہ، مالیہ اللہ کے لیے ہیں سلام ہو آپ پر

اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ

اے نبی اور اللہ کی رحمت ہو۔ سلام ہو ہم پر اور

اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ

اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ✱ (ابوداؤد)

دیتا ہوں کہ سیدنا محمّد صلّی اللہ علیہ وسلم بے شبہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

۳۹ اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ

ساری بابرکت عباداتِ قولیہ عباداتِ بدنیہ، عباداتِ مالیہ اللہ کے لیے ہیں

۳۸ ایک بار حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا پاؤں سو گیا آپ نے یہی عمل کیا۔ اُسی وقت سُن اتر گئی۔ (حاشیہ حصن از مائۃ الفوائد) ۳۹ حدیثوں میں نمازِ حاجت تمام حوائج پوری ہونے کیلئے آئی ہے اس میں بھی بعد نماز کے درود شریف پڑھا جاتا ہے تو درود شریف کو کامیابی حوائج میں بڑا دخل ہے

## شاعرِ رسولﷺ: سیدنا حسان ابنِ ثابتؓ

وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِي

میری آنکھوں نے کبھی آپؐ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا

وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

عورتوں نے آپؐ سے زیادہ کوئی صاحبِ جمال نہیں جنا

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِنْ كُلِّ عَيْبٍ

آپؐ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا ہے

كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

جیسے آپؐ اپنی مرضی کے مطابق پیدا کیے گئے ہوں

---

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

حضرۃ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ
جو شخص جمعہ کے دن نمازِ عصر کے بعد اپنی جگہ سے اُٹھنے سے پہلے ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے
اُس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہونگے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھا جائیگا

# اسماء النبی ﷺ سیدنا محمد ﷺ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| احمد | حامد | محمود | قاسم | عاقب | فاتح | شاهد | حاشر |
| رشید | مشهود | بشیر | نذیر | داع | شاف | هاد | مهدی |
| ماح | منج | ناه | رسول | نبی | امی | تهامی | هاشمی |
| ابطحی | عزیز | حریص علیکم | رؤوف | رحیم | طه | مجتبی | طس |
| مرتضی | حم | مصطفی | یس | اولی | مزمل | ولی | مدثر |
| متین | مصدق | طیب | ناصر | منصور | مصباح | امر | حجازی |
| نزاری | قرشی | مضری | نبی التوبة | حافظ | کامل | صادق | امین |
| عبد الله | کلیم الله | حبیب الله | نجی الله | صفی الله | خاتم الانبیاء | حسیب | مجیب |
| شکور | مقتصد | رسول الرحمة | قوی | حفی | مامون | معلوم | حق |
| مبین | مطیع | رسول الراحة | اول | آخر | ظاهر | باطن | نبی الرحمة |
| یتیم | کریم | حکیم | خاتم الرسل | سید | سراج | منیر | محرم |
| مکرم | مبشر | مذکر | مطهر | قریب | خلیل | مدعو | جواد |
| عادل | طاهر | شهیر | شهید | | | | |

Design-Angles-Khawaja Afzal Kamal, 6307031-32

ادارۃ القاسم فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور Tel: 92-42-7313392, Cell: 0300-4420434